ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

<u>پریس ریلیز</u>

عوامی مسائل کوحل کرنے کے لئے چیئرمین محمد یوسف کانیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کادورہ۔

یونین کمیٹی نمبرز 09، 06 اور 03 میں واٹرانیڈ سیوریج لائنوں کی تبدیلی کے کام کاجائزہ۔

بڑھتی ہوئی آبادی کے حساب سے واٹرانیڈ سیوریج سسٹم کوتبدیل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

جماعت اسلامی کے نمائندے بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ مسائل کے حل کے لئے اقدامات کررہے ہیں۔چیئرمین محمد یوسف

مورخہ: 15/ نومبر 2024ء

کراچی( )عوامی مسائل کوحل کرنے کے لئے چیئرمین محمد یوسف کانیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کادورہ۔یونین کمیٹی نمبرز 09، 06 اور 03 میں سیوریج اور پینے کے پانی کی لائنوں کی تبدیلی کے کام کاجائزہ۔اس موقع پر یونین کمیٹی 06 خمیسو گوٹھ کے چیئرمین راجہ عطاء الرحمٰن، یونین کمیٹی نمبر 09 ابوزرغفاری کے وائس چیئرمین حنظلہ انورقریشی، یونین کمیٹی نمبر 03 خواجہ اجمیرنگری کے اراکین، ٹاؤن افسران بھی موجود تھے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹر 5-F میں ڈالی جانے والی واٹرانیڈ سیوریج لائنوں کا معائنہ کیااس موقع پر علاقہ مکینوں نے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن اوران کی ٹیم کاشکریہ اداکرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں واٹر اینڈ سیوریج کے مسائل عرصہ دراز سے تھے ان مسائل پر سابقہ بلدیاتی نمائندے صرف وعدے کرتے تھے جس وجہ سے علاقہ مکین پریشانی سے دوچار تھے جماعت اسلامی کے نمائندوں کی کاوشوں سے آج ان مسائل سے چھٹکارا ممکن ہوا ہم شکرگزار ہیں جماعت اسلامی کے نمائندوں کا جو عوام سے وعدے نہیں کرتے بلکہ عملی اقدامات کررہے ہیں۔اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن میں واٹرانیڈ سیوریج سسٹم برسوں پرانا ہے اوراس سسٹم کی معیاد اب ختم ہوچکی ہے اور آبادی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کی وجہ سے ان خستہ حال واٹرانیڈ سیوریج لائنوں پر دباؤ بڑھ گیا ہے اور مسائل جنم لے رہے ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ شہرقائد کے انفرااسٹرکچر کو بحال کرکے واٹرانیڈ سیوریج سسٹم کو جدید دور کے مطابق بنایا جائے تاکہ عوام سکون کی زندگی گزار سکیں، انہوں نے کہا کہ برساتی نالوں سے سیوریج لائنوں کوالگ کرنا ضروری ہے۔کیونکہ بارشوں کے دوران برساتی نالوں میں پہلے ہی سیوریج کا دباؤ ہوتا ہے اور برساتی پانی کی نکاسی کی جگہ نہیں ہوتی جس کی وجہ سے جگہ جگہ برساتی نالوں کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے، انسان کی سب سے بڑی ضرورت صاف پانی ہے جس کی ترسیل بلاتعطل جاری رہنی چاہیے مگرافسوس کے ساتھ کہنا پڑھ رہا ہے کہ ان خستہ لائنوں کی وجہ سے روزانہ ہزاروں گیلن پانی ضائع ہورہا اور لوگ پانی خرید کراستعمال کررہے ہیں جبکہ ٹینکر مافیا کی چاندی ہوگئی ہے، واٹرانیڈ سیوریج بورڈ عوام کے سب سے بڑے مسئلے کوحل کرنے کے لئے اپنی ذمہ داری پوری کرے۔جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے اس حوالے سے واٹرانیڈ سیوریج کارپوریشن کے ذمہ داروں کو آگاہ کرچکے ہیں۔منتخب نمائندے عوام کے درمیان رہتے ہوئے ان مسائل پر نظر رکھتے ہیں اور اداروں کے ذمہ داروں سے مسائل کے حل کے لئے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منتخب بلدیاتی نمائندے اس گلے سڑے نظام میں بھی عوام کے مسائل کوحل کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں اور انشاءاللہ ہم محدود وسائل میں عوام کے مسائل اور بلدیاتی سہولیات کی فراہمی جاری رکھیں گے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن